ہدایات برائے Flowflex® کووڈ - 19 اینٹی جن ہوم ٹیسٹ

14 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد یا اُن بالغ افراد کیلئے جو 2 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کی ناک کے اندرونی حصے سے روئی کی پھریری کے ذریعہ جمع کئے گئے نمونے حاصل کریں Flowflex® COVID-19 Antigen Home Test کے بغیر نسخے کے گھریلو استعمال کیلئے ٹیسٹ کی اجازت ہے ۔ Flowflex® کووڈ-19 اینٹی جن ہوم ٹیسٹ صرف فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (FDA) کے ایمرجنسی یا ہنگامی استعمال کی اجازت (EUA) کے تحت استعمال کیلئے ہے ۔

ٹیسٹ کرنے سے قبل ، اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی سے دھویئے ، یا جراثیم کُش محلول ہینڈ سینیٹائزر کو استعمال کیجیئے ۔ یہ امر یقینی بنائیے کہ آپ کے ہاتھ مکمل طور پر خشک ہوں ۔

- **مرحلہ نمبر 1: ٹیسٹ کِٹ کا سازوسامان تلاش کیجیئے**
  - ٹیسٹ کیسٹ
  - ناک کا پھاہا یا روئی کی پھریری
  - ایکسٹریکشن یا نکالنے والی بفر ٹیوب
- **مرحلہ نمبر 2: ٹیسٹ کیسٹ کو ہٹایئے**
  - پیکج کو کھولیئے ۔
  - کسیٹ کو ایک ہموار، صاف ستھری سطح پر رکھیئے ۔
- **مرحلہ نمبر 3: ایکسٹریکشن یا نکالنے والی بفر ٹیوب کو تیار کیجیئے**
  - ایکسٹریکشن یا نکالنے والی بفر ٹیوب کے اوپری حصہ سے فوائل یا ورق نرمی سے ہٹایئے ۔
  - ایک ٹیوب ہولڈر بنانے اور ٹیوب کو ٹیوب ہولڈر میں رکھنے کیلئے کِٹ باکس پر سوراخ شدہ دائرے میں دبایئے ۔
- **مرحلہ نمبر 4: نتھنوں میں روئی کی پھریری لگایئے**
  - روئی کی پھریری کو اس کے پیکٹ سے نکالیئے (پھریری کے سرے یا نوک کو مت چھویئے)
  - روئی کی پھریری نرمی سے ایک نتھنے میں داخل کیجیئے (½ سے ¾ انچ) ۔
  - روئی کی پھریری کو نتھنے کی اندرونی سطح پر گُھماتے ہوئے **کم ازکم 5 مرتبہ** مضبوطی سے مَلیئے یا رگڑیئے ۔ نمونہ حاصل کرنے کیلئے کم وبیش **15 سیکنڈز** لیجیئے ۔ (ناک میں کسی بھی مواد کو جمع کرنا یقینی بنائیے جو روئی کی پھریری پر موجود ہوسکتا ہے ۔)
  - نتھنے سے روئی کی پھریری نکالیئے اور براہ راست دوسرے نتھنے میں ڈالیئے ۔
  - روئی کی پھریری کو دوسرے نتھنے کی اندرونی سطح پر گُھماتے ہوئے **کم ازکم 5 مرتبہ** مضبوطی سے مَلیئے یا رگڑیئے ۔ نمونہ حاصل کرنے کیلئے کم وبیش **15 سیکنڈز** لیجیئے ۔ (ناک میں کسی بھی مواد کو جمع کرنا یقینی بنائیے جو روئی کی پھریری پر موجود ہوسکتا ہے ۔)
  - نتھنے سے روئی کی پھریری نکالیئے ۔
- **مرحلہ نمبر 5: روئی کی پھریری کو ٹیوب میں رکھیئے**
  - فوری طور پر روئی کی پھریری کو ایکسٹریکشن بفر ٹیوب میں رکھیئے ۔
  - روئی کی پھریری کو **30 سیکنڈز** تک گھمایئے ۔
  - ٹیوب کو نچوڑیئے اور روئی کی پھریری کو **5 بار** گھمایئے ۔
- **مرحلہ نمبر 6: روئی کی پھریری ہٹایئے**
  - جب ٹیوب کو نچوڑ رہے ہوں تو روئی کی پھریری کو ہٹایئے ۔
  - روئی کی پھریری کو تلف کردیجیئے ۔
- **مرحلہ نمبر 7: ٹیوب کو بند کردیجیئے**
  - ڈراپر کی نوک کو مضبوطی سے ایکسٹریکشن یا نکالنے والی بفر ٹیوب پر لگا دیجیئے ۔
  - ٹیوب کے نچلے حصے کو گھوماتے یا ہلاتے ہوئے اچھی طرح مِکس کیجیئے ۔
- **مرحلہ نمبر 8: ٹیسٹ کیسٹ پر نمونہ یا سیمپل ڈالنا**
  - ٹیوب کو آہستہ سے نچوڑیئے اور ٹیسٹ کیسٹ کے نمونے میں محلول کے **4 قطرے** اچھی طرح ڈالیئے (S کا نشان زدہ) ۔
  - ٹیوب کو تلف یا ضائع کردیجیئے ۔
  - **15 منٹ** کیلئے ٹائمر سیٹ کیجیئے ۔
- **مرحلہ نمبر 9: نتائج پڑھیئے**
  - **پورے 15 منٹ** کے بعد نتائج پڑھیئے (30 منٹ کے بعد نتائج نہ پڑھیئے) ۔

مثبت ٹیسٹ کے نتیجے میں **نظر آنے والی کنٹرول (C) لائن اور ٹیسٹ (T) لائن ہوگی ۔**

نوٹ : کنٹرول (C) لائن کے ساتھ ہلکا سرخ یا گلابی ٹیسٹ (T) لکیر کو مثبت کے طور پر پڑھنا چاہیے ۔

منفی ٹیسٹ کے نتیجے میں **نظر آنے والی کنٹرول (C) لائن اور نہ نظر آنیوالی ٹیسٹ (T) لائن ہوگی ۔**

ایک **غلط ٹیسٹ** کا نتیجہ کوئی **نظر نہ آنے والی کنٹرول (C) لائن دکھائے گا ۔** ٹیسٹ کو روئی کی نئی پھریری اور نئی ٹیسٹ کِٹ کو استعمال کرتے ہوئے شروع سے دوہرایا جائے ۔

ٹیسٹنگ کے سازوسامان کو ردی کی ٹوکری میں پھینکا جاسکتا ہے ۔ تمام کارروائی مکمل کرنے کے بعد ہاتھوں کو دھوئیے یا جراثیم کُش محلول ہینڈ سینیٹائزر استعمال کیجیئے ۔

ٹیسٹ کا عملی مظاہرہ دیکھنے کیلئے ملاحظہ کیجیئے: https://youtu.be/4_Mbbs9h5ds

Flowflex® کووڈ - 19 اینٹی جن ہوم ٹیسٹ کے متعلق مزید معلومات کیلئے: https://flowflexcovid.com/ ملاحظہ کیجیئے ۔